# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 10th November, 2025 at 4.30 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **DR. SHARMILA FARUQUI** **MR. RAMESH LAL** **MR. KHURSHID AHMED JUNEJO** to invite attention of the Minister for Interior, to a matter of urgent public importance regarding 35% surge in cybercrimes in 2025, challenging public safety and existing cyber security measures, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILLS**

**4.** **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025].

**5.** **MR. AURANGZEB KHAN KHICHI,** Minister for National Heritage and Culture**,** to introduce a Bill further to amend the Iqbal Academy Ordinance, 1962 [The Iqbal Academy (Amendment) Bill, 2025].

**PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES**

**6.** **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI**, Acting Chairperson Standing Committee on Human Rights, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned.

**7.** **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI**, Acting Chairperson Standing Committee on Human Rights, to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the National Commission for Human Rights Act, 2012 [The National Commission for Human Rights (Amendment) Bill, 2025].

**8.** **RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior and Narcotics Control, to present the report of the Standing Committee on the Bill to consolidate and re-enact the law relating to the Frontier Constabulary [The Frontier Constabulary (Re-organization) Bill, 2025] (Ordinance No. VIII of 2025).

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**9.** **MINISTER-IN-CHARGE** for Industries and Production, to move that the Bill to provide for the development of motor vehicles industry in Pakistan [The Motor Vehicles Industry Development Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**10.** **MINISTER-IN-CHARGE** for Industries and Production, to move that the Bill to provide for the development of motor vehicles industry in Pakistan [The Motor Vehicles Industry Development Bill, 2025], be passed.

**11.** **MR. MUHAMMAD ALI,** Adviser to the Prime Minister on Privatization, to move that the Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**12.** **MR. MUHAMMAD ALI,** Adviser to the Prime Minister on Privatization, to move that the Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2025], be passed.

## MOTION OF THANKS

**13.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**14.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**15.** **MS. ALIYA KAMRAN** **MS. SHAHIDA BEGUM**
**MS. NAEEMA KISHWER KHAN** **MR. JAMES IQBAL**
**MOULANA ABDUL GHAFOOR HAIDERI** to invite attention of the Minister for Interior, to a matter of urgent public importance regarding hacking of personal data including WhatsApp and other sensitive information of citizens, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th November, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۱۰ نومبر، ۲۰۲۵ء شام ساڑھے چار بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **ڈاکٹر شرمیلا فاروقی** **جناب رمیش لال** **جناب خورشید احمد جونیجو**

وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو عوامی تحفظ اور سائبر سکیورٹی کے موجودہ اقدامات کے لیے چیلنج بننے والے ۲۰۲۵ء میں سائبر جرائم میں ۳۵ فیصد اضافے سے متعلق ہے۔

### بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **جناب اورنگزیب خان کھچی**، وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اقبال اکیڈمی آرڈیننس، ۱۹۶۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [اقبال اکیڈمی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

### قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۶۔ **محترمہ زہرا ودود فاطمی**، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق تحریک پیش کریں گی کہ قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۷۔ **محترمہ زہرا ودود فاطمی**، قائم مقام چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق ، قومی کمیشن برائے انسانی حقوق ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [قومی کمیشن برائے انسانی حقوق (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گی۔

۸۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ و انسداد منشیات ،فرنٹیئر کانسٹیبلری سے متعلق قانون کو یکجا کرنے اور دوبارہ وضع کرنے کے بل [فرنٹیئر کانسٹیبلری (تنظیم نو) آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (آرڈیننس نمبر ۸ بابت ۲۰۲۵ء)] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۹۔ **وزیر انچارج** برائے صنعت و پیداوار تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان میں موٹر گاڑیوں کی صنعت کی ترقی کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [موٹر گاڑیوں کی صنعت کی ترقی کا بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے گا۔

۱۰۔ **وزیر انچارج** برائے صنعت و پیداوار تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان میں موٹر گاڑیوں کی صنعت کی ترقی کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [موٹر گاڑیوں کی صنعت کی ترقی کا بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے گا۔

۱۱۔ **جناب محمد علی**، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری تحریک پیش کریں گے کہ نجکاری کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نجکاری کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے گا۔

۱۲۔ **جناب محمد علی**، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری تحریک پیش کریں گے کہ نجکاری کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نجکاری کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے گا۔

## تحریک تشکر

۱۳۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۴۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۵۔ **محترمہ عالیہ کامران** **محترمہ شاہدہ بیگم** **محترمہ نعیمہ کشور خان**

**جناب جیمز اقبال** **مولانا عبدالغفور حیدری** وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو شہریوں کے ذاتی ڈیٹا، بشمول واٹس ایپ اور دیگر حساس معلومات کی ہیکنگ سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،** **طاہر حسین**

**۹ نومبر، ۲۰۲۵ء** **سیکرٹری جنرل**